## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلوم اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

### وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مکتوبات و معاہدات نبوی ﷺ، (3912) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (سیرت سٹڈیز)

**ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔ (تمام سوالات لازمی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

1. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
2. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
3. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بر وقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
4. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
5. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
6. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

### امتحانی مشق نمبر 1

### (یونٹ: 1-4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1- معاہدہ کی تعریف تحریر کرتے ہوئے اسلام میں معاہدات کی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- تحریری اور غیر تحریری معاہدات کی وضاحت کرتے ہوئے معاہدات نبوی ﷺ کی اقسام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- میثاقِ مدینہ کے متن کی روشنی میں اختیارِ اعلیٰ، اُمت، کفالتِ باہمی اور غارمین کے تصورات کی وضاحت کریں اور متعلقہ دفعات کی نشاندہی کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- میثاق مدینہ کا پس منظر اور ضرورت و اہمیت تحریر کرتے ہوئے اس معاہدے کے اہم نکات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5: صلح حدیبیہ کے اسباب، واقعات اور نتائج پر تفصیلی مضمون تحریر کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2
## (یونٹ 5-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ عرب قبائل سے حلیفی کے معاہدات کے بنیادی مضمون اور ان معاہدات کے فوائد پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ فارس کے حلیف قبائل عرب سے معاہدات نبوی ﷺ پر مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اہل نجران کے ساتھ کئے گئے معاہدہ پر تفصیلی مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ جیفر و عبد کا تعارف سپرد قلم کرتے ہوئے ان کے ساتھ کئے گئے معاہدے کے مندرجات اور اس کی سیاسی افادیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ یونٹ نمبر نو کا جامع خلاصہ تحریر کریں۔ (20)